ادارہ

تبصرہ کتب

صحابہ رسول اللہ ﷺ اسلام کی نظر میں — مؤلف: مولانا نور عالم خلیل امینی صاحب

ایڈیٹر: الداعی عربی واستاد ادب عربی دارالعلوم دیوبند — ضخامت: ۴۹۶ صفحات

قیمت: ۲۰۰ روپے — ناشر: ادارہ علم وادب افریقی منزل قدیم، دیوبند، یوپی

ملنے کا پتہ: کتب خانہ حسینیہ دیوبند و دیگر کتب خانہ ہائے دیوبند دہلی (بھارت)

زیر تبصرہ کتاب عالم اسلام کے مشہور ادیب نادرہ روزگار اہل قلم چیف ایڈیٹر الداعی (عربی) واستاذ ادب عربی دارالعلوم دیوبند مولانا نور عالم خلیل امینی مدظلہ کی مایہ ناز تالیف ہے۔ جس کے متعلق ان کے اپنے الفاظ میں ''یہ کتاب صحابۂ کرام کے مقام و مرتبے کے موضوع پر عربی زبان میں تو اسلاف کرام اور اخلاف عظام نے بے شمار کتابیں لکھی ہیں اردو زبان میں بھی متعدد گراں قدر کتابیں شائع ہو چکی ہیں لیکن یہ کتاب تحلیل و تجزیہ اور مواد کو پیش کر کے اس سے نتیجہ اخذ کرنے کے حوالے سے اپنا منفرد اسلوب رکھتی ہے اس لئے یہ سابقہ بہت سی کتابوں کا خلاصہ اور عطر کی حیثیت رکھنے کے ساتھ ساتھ ان سے مختلف بھی ہے اور منفرد بھی۔ ہر نظریے اور مقولے کا حوالہ پیش کرنے کی پابندی اور جذباتی اسلوب نگارش کے بجائے مطالعہ اور تحقیق کی راہ اختیار کی گئی ہے' کہا جاسکتا ہے کہ صحابہ کے مقام و مرتبے کو اجاگر کرنے کے موضوع پر یہ کتاب کم از کم اردو کے ذخیرے میں جامع ترین اور بے نظیر ہے۔ صحابہ اور فضائل صحابہ کے موضوع پر اہم عربی کتابوں کا تعارف بھی کتاب کے آخر میں درج کر دیا گیا ہے' نیز تفصیلی فہرست اور اشاریہ بھی دیا گیا ہے جس سے تحقیقی کام کرنے والوں کو بہت سہولت ہوگی۔ مؤلف کی دیگر تالیفات کی طرح اس کتاب میں بھی اردو کے مروجہ املا کی پابندی کی گئی ہے''

مؤلف کے قلم سے اس تبصرہ کے بعد شاید اس سے اور بہترین جامع اور مختصر تبصرہ لکھا جائے اور اگر اس تبصرہ کو متن بنا کر اس کی توضیح کی جائے تو اچھی خاصی کتاب بن جائے گی۔

ایران میں جب ''آیت اللہ خمینی'' کی سرپرستی اور سرکردگی میں انقلاب برپا کیا گیا تو اس سے جہاں ملک میں انقلاب آیا اور شہنشائیت کا خاتمہ ہوا' تو دوسری طرف اس انقلاب کے اثرات اذہان پر بھی منقش ہوئے اور سنی مسلمانوں کے بہت سے نوجوانوں کے دلوں میں جو اسلامی نشاۃ ثانیہ کے آرزومند اور اسلامی بیداری کے کسی نہ کسی شکل میں برپا ہونے کے لئے کوشاں ہیں اور خواہشمند تھے۔ بانی انقلاب امام خمینی کے ساتھ عقیدت پیدا ہوئی۔ اس غیر معمولی عقیدت